
سبق: 4

# اکٹھا اکٹھا کر کے شمار کریں گے






چیتن نے جادوگر سے کہا، میرے ایک روپے کو تین روپے بنا دیجیے میں چاکلیٹ کھاؤں گا۔ جادوگر نے اس روپے کو ڈبیا میں ڈال کر چو۔ رو۔ رو۔ رو کا منتر پڑھا۔ اس کے کان کے پاس ڈبیا کو ہلا کر اس کے ہاتھ میں روپے ڈال دیا۔ چیتن نے چٹ پٹ گن کر تین روپے کہا۔



جادوگر نے چو۔ رو۔ رو۔ رو بُھس کہہ کر ناک کے نزدیک سے روپے نکالا۔ چیتن گنکر 3 اور 3، 6 روپے کہا۔

اسی طرح ہاتھ، پیر، گھٹنے اور سر سے روپے نکالے۔

چیتن نے گننا شروع کیا۔ 12,9,6,3 اور 15 روپے۔



رینا نے اس بار ایک پل میں 5 روپے نکالنے کے لیے کہا۔

جادوگر نے پہلے کی طرح 5 روپے کے حساب سے ہر بار نکالا۔

رینا نے گننا شروع کیا: 20,15,10,5.......روپے۔

اب آپ بتائیے:

☆ چیتن نے پائے ہوئے روپے کو کس طرح شمار کیا؟

☆ چیتن درمیان میں سے کتنے عدد چھوڑ کر گن رہا تھا؟

☆ اس نے پہلے کہاں سے عدد گننا شروع کیا؟


☆ رینا نے کہاں سے عدد گننا شروع کیا؟

☆ رینا درمیان میں کتنے عدد چھلانگ کر گن رہی تھی؟


**ان سب کو چھلانگ چھلانگ کر آگے لیجیے۔**




کس طرح شمار کریں گے؟ 10,8,6,4,2 ...........



کس طرح شمار کریں گے؟ 20,15,10,5...........




خرگوش ایک بار میں 4 گھر چھلانگ لگائے گا۔ 36 تک پہنچنے کے لیے اسے کتنی بار چھلانگ لگانا پڑے گا؟



مینڈک نے چھلانگ لگانے والے عدد سے پہنچنے والے عدد کے درمیان کتنے عدد پار کیا؟

ایک خرگوش ہر چھلانگ میں 10 پتھر پار کرتا ہے۔ آپ خرگوش کے چھلانگ لگایے ہویے پتھر پر نمبر لکھیے ۔



استاد کے لیے ہدایت: کسی بھی عدد سے گننا شروع کر کے بچوں کو مختلف طریقوں سے گننے کو موقع فراہم کیا جایے۔ جیسے بچے 2-2 عدد کر کے 3-3 عدد کر کے 4-4 عدد کر کے 5-5 عدد کر کے اور بچے 10-10 عدد کر کے بھی شمار کر سکتے ہیں۔ اسی طرح چیزوں کا استعمال کر کے بھی گننے کا عمل کیا جا سکتا ہے۔

## گاؤں کا ہاٹ



بچے پکنک میں جانے کے لیے اپنے استاد کے ساتھ چیزیں خرید رہے تھے۔ استاد نے فہرست دیکھی اور کہا۔

نیمبو 12 عدد،

ناریل 8 عدد اور


کیلا 24 عدد خریدنا ہوگا۔

روما، شاہد اور سیما نے کس طرح نیبو، ناریل اور کیلے خریدے دیکھیے ۔



روما: مجھے نیبو 12 عدد دیجیے۔

نیبو والے نے چار چار عدد کر کے نیبو گنا۔




بھاگ | بھاگ | بھاگ

کل 12 عدد نیبو = 3 بھاگ



شاہد: مجھے 8 عدد ناریل دیجیے۔

ناریل والا: اس نے دو دو کے حساب سے گن کر ناریل دیا۔




1 جوڑا | 1 جوڑا | 1 جوڑا | 1 جوڑا

کل چار جوڑے ناریل = 8 عدد ناریل

سیما: مجھے 24 عدد کیلا دیجیے۔

کیلے والے نے بارہ بارہ کے حساب سے کیلے گن کر دیے۔






کل دو درجن کیلے = 24 کیلے۔

اب آپ کہیے

☆ دکان دار نے ہر بار 2 عدد ناریل لے کر 8 ناریل کو کتنی بار شمار کیا؟

☆ کتنی بار شمار کرنے سے 12 نیبو ہوا؟

☆ 24 کیلوں کو کتنی بار شمار کیا گیا؟

☆ کس نے زیادہ شمار کیا؟

☆ ایک بار 4 کے حساب سے شمار کیا گیا تو 8 ناریل کو کتنی بار گنا جاتا؟

☆ ایک بار میں زیادہ چیزیں لے کر گننے سے کیا سہولت ہوتی؟


**ایک بار زیادہ تعداد میں چیزیں لے کر گننے سے کم بار گننا پڑتا ہے۔**

خرگوش اور بندر ہر ایک کے پاس 20 عدد بیر ہے۔ 20 بیروں کو کون کتنی بار گنے گا؟





دیکھیے 30 عدد چراغ کو کس طرح گنا جا رہا ہے۔




اب بتائیے:

☆ کس نے ایک بار میں کتنے عدد چراغ گنے؟

☆ رنکی نے کتنی بار گنا؟

☆ ان لوگوں کے درمیان 30 کے لیے کس نے کم گنتی کی؟

☆ ان لوگوں کی گنتی میں سے کس کی گنتی زیادہ آسان ہے اور کیوں؟

استاد کے لیے ہدایت: جوڑا، بھاگ، درجن، وغیرہ کئی طرح گنے جاتے ہیں۔ لیکن 10-10 عدد کر کے گننا آسان اور سہولت والا طریقہ ہے اس بات کا بچوں میں احساس پیدا کرانا ضروری ہے۔ بچوں کو جوڑا، بھاگ، گنڈا، درجن وغیرہ جیسے الفاظ سے تعارف کرائیں گے۔


دس دس کر کے گننا:

دس موم بتیوں کا ایک گٹھا، تو کتنا گٹھا ہوا اور کتنا بچا۔



محسن نے گنا









حبیب:

23=2دس، 3 ایک

☆ دس پھولوں میں ایک گچھا ہوتا ہے۔ دیکھیے پھول کے کتنے گچھے ہوئے۔






کل 46 پھول تھے۔ چار گچھے پھول ہوئے اور 6 پھول بچے

46=4دس6ایک




پتوں کے نیچے جو کچھ ہے پتوں کے اوپر ہی لکھیے ۔




اسکول کو صاف ستھرا کرنے کے لیے 10 بچوں کا ایک دل بنایا گیا۔ لکھیے ہر درجے میں کتنے دل ہوں گے اور کتنے بچے بچیں گے۔

| درجہ | بچوں کی تعداد | دلوں کی تعداد | باقی بچے بچے |
|---|---|---|---|
| اول | 43 | 4 | |
| دوم | 37 | 3 | |
| سوم | 31 | | |
| چہارم | 26 | | |
| پنجم | 30 | | |
| ششم | 29 | | |
| ہفتم | 24 | | |



ایک درخت کی کھوکھلی جڑ میں ایک گیدڑ،
درخت پر ایک کوّا اور بہت سارے توتے
ایک ساتھ رہتے تھے۔
ایک دن توتے درخت پر واپس نہیں آیے۔

کوّا اور گیدڑ دونوں انہیں تلاش کرنے کے لیے نکلے۔



انھوں نے طوطوں کو جال میں پھنسے دیکھا۔
گیدڑ نے طوطوں سے کہا" ڈرو گے تو مرو گے۔
میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہی کرو۔
تم سب مردے کی سی حالت بنا کر پڑے رہو،
میں جھاڑی میں چھپ جا رہا ہوں۔ جب میں
اگلے دونوں پیروں کو اٹھاؤں گا تو کوّا کائیں کائیں
کرے گا اور تم سب اڑ جانا۔




شکاری آیا۔
اس نے طوطوں کو مردہ سمجھ کر جال سے ایک ایک
طوطا نکال کر باہر رکھا۔ گیدڑ گننا شروع کیا۔
جس وقت 63 طوطے ہو گیے۔ گیدڑ اپنے
دونوں اگلے پیروں کو اٹھا دیا اور کوّا کائیں کائیں
کرنا شروع کر دیا۔ سارے طوطے ایک ساتھ درخت
پر اڑ گیے۔



کوّے نے گیدڑ سے پوچھا" اتنے طوطوں کو تم نے کس طرح گنا؟"
گیدڑ نے جواب دیا" دیکھیے میں نے کس طرح آسانی سے گنا۔"





گیدڑ نے کہا ''میں نے کس طرح گنا وہ تم نے دیکھا اب تم بھی اسی طرح اعداد کے کارڈ بناؤ۔

۳۰طوطا =


۴۷طوطا =

۵۷طوطا =



## عملی مشق

1۔ ایک بار میں نیولے نے ۳، کے حساب سے گنا۔ ایک بار میں بلّی نے ۵، کے حساب سے گنا۔




بتایئے ساری مچھلیوں کو کس نے زیادہ بار گنا؟ ..................

2۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

| عدد | دس | ایک |
|---|---|---|
| ۳۷ | ۳ | |
| ۸۱ | | ۱ |
| ۴۸ | | |
| ۹۷ | | |
| | ۵ | ۵ |
| | ۷ | ۹ |

3۔



ہری بندیا کی قیمت ۱۰، اور پیلی بندیا کی قیمت ۱۔
لکھیے اسعد اور نجمہ نے کون کون سا عدد پایا۔

نجمہ کو ملے اعداد = ....................

اسعد کو ملے اعداد = ....................

4۔ آپ اپنے دل میں سوچ کر دو ہندسے والے ۶ عدد لکھیے۔ پھر ان سب کو دس اور ایک میں پھیلا کر لکھیے۔